بچے کی پیدائش

# Dar à luz

LIDA Italia

Sara Dorthea Johannesen

Yasir Tayyab

4

اردو ur / português pt

سیلاماویت کی عمر انتیس سال ہے۔ اس نے اریٹیریا میں اپنے پہلے بچے کو جنم دیا۔ اسے اور اس کے خاندان کو وہاں بہت مشکل پیش آئی، چنانچہ انہوں نے اٹلی جانے کا فیصلہ کیا۔

• • •

A Selamawit tem 29 anos de idade. Deu à luz o seu primeiro filho na Eritreia. Ela e a sua família passaram tempos difíceis lá, por isso decidiram ir para Itália.

اینگ نے انیس سال کی ہونے سے پہلے گھر چھوڑ دیا۔ وہ ناروے چلی گئی اور وہیں اس کا پہلا بچہ پیدا ہوا۔

• • •

A Inga saiu de casa pouco antes de fazer 19 anos. Mudou-se para a Noruega e teve lá o seu primeiro filho.

جب سیلامویت اپنے دوسرے بچے کے ساتھ حاملہ ہوئی تو اس نے سوچا کہ کسی دوسرے ملک میں بچے کی پیدائش کیسی رہے گی۔

• • •

Quando a Selamawit ficou grávida do seu segundo filho, perguntou-se como seria ter um filho num país diferente.

سیلاماویت اور اینگا کا تعلق مختلف خاندانی حالات سے ہے۔ سیلاماویت نے خود کو محفوظ محسوس کیا کیونکہ اسے پیدائش کا تجربہ تھا۔ اینگا نے پیدائش کے بارے میں اپنی ماں سے بات کی۔

• • •

A Selamawit e a Inga vêm de contextos diferentes. A Selamawit sentia-se segura porque tinha tido a experiência de dar à luz. A Inga falou com a sua mãe sobre dar à luz.

دونوں خواتین نے سنا ہوا تھا کہ زیادہ تر یورپی ممالک میں حاملہ خواتین کو قبل از پیدائش دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انہیں حمل کے دوران مدد ملے گی۔ جیسے ہی سیلماویت کو احساس ہوا کہ وہ حاملہ ہے، تو اس نے اپنے ڈاکٹر سے ملاقات کا وقت لیا۔ سیلماویت کا شوہر اسے گاڑی پر ڈاکٹر کے پاس لے گیا۔

• • •

Ambas as mulheres tinham ouvido dizer que, na maioria dos países europeus, as mulheres grávidas têm direito a cuidados pré-natais. Isto significa que irão receber acompanhamento durante a gravidez. A Selamawit marcou uma consulta com o seu médico assim que se apercebeu que estava grávida. O marido de Selamawit levou-a ao médico.

ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹ کیے اور پتہ چلا کہ سیلاماویت کو ایک قسم کی ذیابیطس ہے جو کچھ حاملہ خواتین کو ہو جاتی ہے۔ اسے صحت مند غذا کھانے اور ورزش کرنے کی ضرورت تھی۔ سیلاماویت خوش تھی کہ وہ جلدی ڈاکٹر کے پاس چلی گئی، اس سے پہلے کہ وہ اور اس کا بچہ بیمار ہو جاتے۔

• • •

O médico fez alguns testes e descobriu que Selamawit tinha um tipo de diabetes que algumas mulheres grávidas têm. Ela tinha de comer alimentos saudáveis e de fazer exercício. A Selamawit ficou contente por ter ido ao médico, antes de ela e o seu bebé ficarem doentes.

جب اینگا کی ہمسائی نے سنا کہ وہ بچہ پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے تو ہمسائی نے اسے کہا کہ وہ حاملہ ہوتے ہی ڈاکٹر سے ملے۔ اس طرح وہ اس بات کو یقینی بنا سکتی تھی کہ وہ اور اس کا بچہ صحت مند ہیں۔ ڈاکٹر نے اسے فولک ایسڈ لینے کو کہا، ایک ایسا وٹامن جو حاملہ خواتین کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

• • •

Quando a vizinha de Inga soube que ela estava a tentar ter um bebé, disse-lhe para consultar uma médica assim que ela estivesse grávida. Dessa forma, ela poderia certificar-se de que ela e o seu bebé estavam saudáveis. A médica disse-lhe para tomar ácido fólico, uma vitamina que é importante para as mulheres grávidas.

اینگا اور اس کی ڈاکٹر نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ اپنے حمل کے دوران باقاعدہ معائنے کے لیے ایک دائی سے ملے گی۔ دائی نے اسے کھانے اور آرام کے بارے میں مشورہ دیا، اور اپنے آپ کو اور اپنے بچے کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے بارے میں معلومات دیں۔

• • •

A Inga e a sua médica concordaram que ela se encontraria com uma parteira para fazer exames regulares durante a sua gravidez. A parteira deu-lhe conselhos sobre alimentação e descanso e informações sobre como se manter a si e ao seu bebé seguros e bem.

دونوں خواتین کے ہاں صحت مند بچوں کی پیدائش ہوئی۔ سیلاماویت کا دوسرا بیٹا پیدا ہوا، جبکہ اینگا کی ایک بیٹی پیدا ہوئی۔ ان کے شوہر بہت فخر محسوس کر رہے تھے، اور انہوں نے اپنی مضبوط بیویوں اور صحت مند بچوں کے بارے میں سب جاننے والوں کو بتایا۔

• • •

Ambas as mulheres deram à luz bebés saudáveis. A Selamawit teve outro filho, enquanto a Inga teve uma filha. Os seus maridos estavam muito orgulhosos e falaram a todas as pessoas que conheciam sobre as suas esposas fortes e filhos saudáveis.

# LIDA Stories

lidastories.net

## بچے کی پیدائش

## Dar à luz

LIDA Italia
Sara Dorthea Johannesen
Yasir Tayyab (ur), Ana Costa (pt)